20/09/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عاشق کھانڈے سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ بھارت کو ہر شعبے میں خود کفیل بنانے پر وزیر اعظم نریندر مودی کا زور۔

*........ جموںو کشمیر میں طبی سہولیات کو مستحکم کیا جارہاہے// لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا۔

*........ سیوا پرو کے تحت جموںو کشمیر میں مختلف پروگراموں کا انعقاد جا ری۔

اور

*........ آج منایا جا رہا ہے ورلڈ کلین اپ ڈے۔

مودی

وزیر اعظم نریندر مودی نے ہر شعبے میں خودکفالت کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہاہے کہ سرکار بھارت کو تیسری سب سے بڑی بحری قوت بنانے کےلئے پُر عزم ہے۔وہ آج بھاو

---

نگر گجرات میں سمندر سے سمردھی پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ ۂ

نریندر مودی نے وہاں34 ہزار دو سو کروڑ روپے سے زیادہ کی مالیت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کاآغاز کیا۔

LG اگر وال

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی میں جموں کشمیر کے ہر شہری کے لئے طبی سہولیات تک رسائی کو یقینی بنایا گیا ہے ۔ اس بات کا اظہار انہوں نے آج قمر واری سرینگر میں ڈاکٹر سینٹر ایک نئے مرکز کا افتتاح کرنے کے بعد کیا ۔ Eye Care اگر وال

انہوں نے کہا کہ یو ٹی میں طبی نگہداشت کے مراکز کے تیز تر پھیلا و نے یہا ں کے باشندوں کے صحت مند مستقبل کو یقینی بنایا ہے ۔

خراج

اس دوران لیفٹنٹ گورنر نے ادھمپور ضلع میں ملی ٹنٹوں کے ساتھ جھڑپ میں از جان ہوئے فوج کے لانس دفعدار بلدیو چند کو شاندرا الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔فوج کی وائٹ نائٹ کور نے بھی اس فوجی جوان کو شاندارمیں خراج پیش کیا ہے ۔

سکینہ

وزیر صحت سکینہ ایتو نے آج دیو سر کولگام میں تعمیر کئے گئے پرائمری ہیلتھ سینٹر کا افتتاح کیا ۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کی سرکار یوٹی کے دور دراز علاقوں میں طبی سہولیات کو مستحکم کرنے کے لئے مناسب اقدامات کر رہی ہے ۔

اس موقعہ پر ایم ایل اے دیوسر پیر زادہ فیروز احمد اور انتظامیہ کے دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے ۔

رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے ایکلویہ ماڈل ریزڈنشل سکولوں کی بہتری کے لئے مختص رقومات کے منصفانہ استعمال پر زور دیا ہے ۔ سرینگر میں آج ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے ان سکولوں میں تدریسی عمل میں مزید بہتری لانے پر زور دیا ۔ میٹنگ کے دوران مذکورہ سکولوں کی مجموعی کار کردگی کا جائزہ لیا گیا ۔

جا وید ڈار

وزیر زراعت جا وید احمد ڈار نے آج کولکتہ مینکسان گھر کی تجدید کا ری کے کام کا جائزہ لیا۔ انہوننے اس کام کو وقت مقررہ کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ کسان گھر جمونو کشمیر کے کسانوں کےلئے ایک اہم سہولت ہے۔

سیوا پرو

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سشاسن یعنی عوامی خدمت اور بہتر حکمرانی کے منتر سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے
بدلاو

---

اور تر قی کیلئے انتھک کوشش کر رہی ہے۔ سیوا پرو کی خصوصی سیریز میں آج حکومت کی جانب سے ٖ معیاری صحت دیکھ بھال تک رسا ئی کیلئے یونیورسل صحت بیمہ کو مستحکم بنانے کیلئے کی گئی کوششوں پر نظر ڈالی جائے گی۔ پیش ہے آکاشوانی نیوز ڈیسک کی یہ ر پورٹ۔

------

اننت ناگ

سیوا پرو کے تحت جاری سرگرمیوں کے سلسلے میں ایم ایل اے اننت ناگ ویسٹ عبدالمجید لارمی نے آج سب ڈسٹرکٹ اسپتال اچھہ بل میں ایک طبی کیمپ کا افتتاح کیا ۔ کیمپ کے دوران ملحقہ علاقوں کے سینکڑوں مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں ۔

اس موقعہ پر ایم ایل اے موصوف نے کہا کہ طبی سہولیات کو لوگوں کی دہلیز تک پہنچانا موجودہ سرکار کی ترجیحات میں شامل ہے ۔

بارہمولہC/S

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج ڈاک بنگلہ بارہمولہ میں سیوا پرو میلے کا افتتاح کیا ۔ انہوننے اس موقعے پر وہاں مختلف محکموں کی جانب سے لگائے گئے سٹالوں کا معائنہ کیا۔ چیف سیکریٹری نے مختلف سکیموں کے تقسیم کئے۔ Sanction Letters مستحقین میں

چیف سیکریٹری نے ضلع انتظامیہ کے افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں ضلعے کے مجموعی ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا۔

سیوا پرو نشست

اس دوران سیوا پرو کی مناسبت سے کشمیر یونیورسٹی کے سوشل ورک ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے احاطہ

---

وقار چھانہ پورہ سرینگر میں بزرگ شہریوں کے ساتھ ملاقات کی ایک نشست منعقد کی گئی ۔ اس موقعہ پر غ مقررین نے صحت مند سماج کی تشکیل میں بزرگ شہریوں کے رول کو اجا گر کیا ۔ سوشل ورک ڈیپارٹمنٹ کے طالب علموں نے سماجی خدمت کے لئے اپنے آپ کو وقف کرنے کا عزم دہرایا ۔

PCOS

شعبے کے endocrinology and clinical research شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے کے بارے میں ایک جانکاری Polycystic Ovary Syndrome اہتمام سے آج بائز ڈگری کالج بانڈی پورہ میں پروگرام منعقد ہوا ۔

کی علا مات اور علاج کے PCOS سوستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت منعقدہ اس پروگرام کے شرکاءکو بارے میں جانکاری دی گئی ۔

کولگامBJP

سیوا پکھواڑ اکے تحت بی جے پی جمونو کشمیر کے اہتمام سے ضلع اسپتال کولگام میں ایک مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔جس کا افتتاح پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے کیا۔ کیمپ کے دوران آس پاس کے علاقوں سے آئے کئی لوگوں کو طبی سہولیات فراہم کی گئی ۔ بعد میں اشوک کول نے ژولگام میں کارکنوں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران پارٹی امورات کا جائزہ لیا۔

نمائشBJP

اس دوران سیوا پکھواڑہ کے سلسلے میں جموں میں بی جے پی کے اہتمام سے منعقد ہوئی تین روزہ نمائش آج اختتام پذیر ہوئی ۔ ا ختتامی تقریب میں پارٹی کے پردیش صدر ست شرما ، پارلیمنٹ ممبر جگل کشور شرما، جمونو کشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر نرمل سنگھ کے علاوہ دیگر کئی شخصیات موجود تھیں

وقفہ

باقی خبروں سے پہلے یہ وقفہ

GST Awareness Ad

_______________

اب پیش ہیں باقی خبریں

GST

شرحوں میں کمی کیسے جانے کے ا علان GST حکومت کی جانب سے گھریلو استعمال کے بجلی کے سامان پر کی شرح کو 28 فیصد سے GST سے الیکٹرانک صنعت کو بڑی راحت ملی ہے۔ ایئر کنڈیشنرز اور ڈِش واشرز پر کم کر کے 18 فیصد کر دیا گیا ہے۔

کی 28 فیصد شر ح کو کم کرکے 18 فیصد کیا GST پر بھی Monitors اسی طرح ٹیلی ویژن کے علاوہ مختلف گیا ہے۔ ان اصلاحات کا اطلاق 22 ستمبر یعنی سوموار سے ہوگا۔

چیف جسٹس

جمونو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس ارون کمار پالی کی سرپرستی میں آج ضلع کورٹ کے موضوعات پر ایک روزہ Commercial Courts Actاور Code of Civil Procedure کمپلیکس سرینگر میں تربیتی پروگرام کا انعقاد ۔ اس پروگرام کا اہتمام جمونو کشمیر جوڈیشل اکیڈیمی نے جمونو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے اشتراک سے کیا تھا۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ڈے

آج ورلڈ کلین اَپ ڈے منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد عالمی سطح پر صفائی ستھرائی اور ماحولیات کی پاکیزگی سے متعلق بیداری پیدا کرنا ہے ۔اس دن کی اہمیت کے بارے میں سنٹرل یونیورسٹی کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر اے روِندر ناتھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

بجلی

Electrical پاوٗ ر ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے فیلڈ ملازمین کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے محکمے کے Inspectorate نے جمونکشمیر کے سبھی اضلاع میں ایک جامع تربیتی پروگرام شروع کیا ہے۔

اس بارے میں محکمے کے پرنسپل سیکریٹری ایچ راجیش پرساد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

رلیف

پیکیج ملازمین کےلئے زیر تعمیر PMجمونو کشمیر کے رلیف اینڈ ریہبلیٹیشن کمشنر ڈاکٹر اروِند کاروانی نے عارضی رہائشی سہولیات پر جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ان تعمیرات کو موسم سرما سے پہلے مکمل کرنے کی ہدایت دی۔واضح رہے کہ PM پیکیج ملازمین کےلئے کشمیر صوبے میں20مختلف مقامات پر6 ہزاررہائشی کواٹر تعمیر کئے جارہے ہیں۔

پارسل ٹرین

کشمیر سے دلی تک خصوصی پارسل ٹرین چلائے جانے کا وسیع پیمانے پر خیر مقدم کیا جا رہا ہے۔ اس ضمن میں کشمیر ویلی فروٹ گروورس اینڈ ڈیلرس یونین کے چیرمین بشیر احمد بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

میلہ

محکمہ زراعت کے اہتمام سے آج بڈگام میں ایک کسان میلے کا انعقاد کیا گیا ۔ میلے کے دوران ماہرین نے کسانوں کو کاشت کاری کے جدید اور سائنسی طور طریقوں سے متعلق جانکاری دی ۔ پروگرام میں ایم ایل اے خان صاحب سیف الدین بٹ اور ایم ایل اے چاڈورہ علی محمد ڈار بھی موجود رہے ۔

تعزیت

سریکلچر ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر اعجاز احمد بٹ نے زرعی پیدا وار محکمے کے فائنانشل کمشنر اور ایڈیشنل چیف سیکریٹری شیلندر کمار کے والد کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر اور شعبے کے عملے نے بھی شیلندر کمار کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

سنیل شرما

جمونو کشمیر اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے کشتواڑ ضلعے کے دوردراز گاؤں مارگی وڑون کا دورہ کر کے وہاں حالیہ سیلاب کے پیدا ہوئی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوننے اس گاؤں میں ہوئے نقصان پر افسوس کا اظہار کر تے ہوئے متاثرین کو یقین دلایا کہ وہ یہ معاملہ متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھائیں گے تاکہ انہیں مناسب رلیف دیا جا سکے۔

ست شرما

جموں خطے میں حالیہ سیلاب سے متاثرین کو راحت پہنچانے کی غرض سے بی جے پی جموںو کشمیر کے صدر ست شرما نے آج امدادی سامان کی ایک کھیپ کو متاثرہ علاقوں کی طرف روانہ کیا۔ اس موقعے پر پارٹی کے دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

BJPرن

اس دوران پارٹی کے یوا مورچہ کے پردیش صدر ارون پربھات نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کے 75ویں جنم دن کی مناسبت سے جموں، سرینگر، ادھمپور، کٹھوعہ اور راجوری میں21ستمبر کو Jammu Namo Yuva Run کا اہتمام کیا جائے گا۔

منکوٹیہ

چنینی بلونت سنگھ منکوٹیہ نے2024کے اسمبلی انتخابات MLA بی جے پی جموںو کشمیر کے سینئر لیڈر اور الائنس کے اُس وقت کے اُمید وار ہردیش دیو سنگھ کی نکتہ چینی کی ہے۔ ایک INDIسے متعلق بیان دینے پر پریس کانفرنس میں انہوںنے کہا کہ ہر دیش دیو سنگھ کا دھاندلیوں سے متعلق بیان گمراہ کن ہے۔

شمیمہ فردوس

نیشنل کانفرنس خواتین ونگ کی صدر شمیمہ فردوس نے آج حبہ کدل حلقہ انتخاب کے کئی علاقوں کا دورہ کر کے لوگوں کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔ انہوںنے جائز عوامی مطالبات پورا کرنے کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار لوگوں کی راحت رسانی کے وعدہ بند ہے۔

دریں اثناءپارٹی کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے آج سرینگر کے پرائیویٹ سکول میں منعقدہ ایک تقریب میں شرکت کی۔ انہوںنے طالب علموں سے تلقین کی کہ وہ اپنا مستقبل تابناک بنانے پر توجہ دے۔

ہماری ذمہ داری

سماج کے ضرورت مند اور مفلوک الحال طبقے کے لوگوں کی مدد کرنا اور ان کے معیار حیات میں بہتری لانا ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے ۔ پیش ہے ا س تعلق سے وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

صاحب ثروت اور آسودہ حال لوگ اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے ان لوگوں کی زندگیوں میں مثبت بدلاؤ لا سکتے ہیں۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ ہاسپٹل پلوامہ کے میڈیکل سپر انٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدا لغنی ڈار نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

پولیس

ٹریفک نظام میں معقولیت لانے اور عوام کی حفاظت کو یقینی بنانے کے مقصد سے جموں کشمیر پولیس کی جانب سے آج گاندربل ، ہندواڑہ اور کولگام میں ٹریفک قوانین سے متعلق بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔ اس دوران پولیس کے اہتمام سے ہندواڑہ میں خواتین کے لئے سیلف ڈیفنس اور NDPS قوانین سے متعلق جانکاری پروگرام منعقد ہوا ۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت14ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32اعشاریہ9ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20اعشاریہ7ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر18 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام6 بج کر 29منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ

..............................

................

.......